Z–15–C

Total No. of Questions : 13]

[Total No. of Printed Pages : 15

# X1thBAJKLK22
# 8115–C
# URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

حصہ ''الف''

کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) آخر کار لاچار ہو کر حاتم نے کہا: ''اگر تو مجھے یوں نہیں لے جاتا تو میں آپ سے آپ بادشاہ کے پاس جا کر کہتا ہوں کہ بوڑھے نے مجھے جنگل میں ایک پہاڑ کی کھوہ میں چھپا رکھا تھا۔'' وہ

بوڑھا ہنسا اور بولا '' بھلائی کے بدلے برائی ملی، تو یا نصیب'' اُس

ردوبدل کے سوال جواب میں آدمی اور بھی آن پہنچے بھیڑ لگ گئی۔

انھوں نے معلوم کیا کہ حاتم یہی ہے۔ ترت پکڑ لیا اور حاتم کو لے

چلے۔ وہ بوڑھا بھی افسوس کرتا ہوا پیچھے پیچھے ساتھ ہولیا۔ جب نوفل

کے روبرو گئے، اس نے پوچھا '' اس کو کون پکڑ لایا؟ ''

(i) لاچار ہوکر حاتم نے بوڑھے سے کیا کہا؟

(ii) حاتم کی بات سن کر بوڑھے نے کیا کہا؟

(iii) حاتم اور بوڑھے کے سوال جواب میں اور کون شامل ہوگئے؟

(iv) ان کو جب معلوم ہوا کہ یہ حاتم ہے تو انھوں نے کیا کیا؟

(v) بوڑھا کیا کرتا ہوا بھیڑ کے ساتھ ہولیا؟

(ب) ادھران کی بہو اور بیٹا اشرفیوں کی تھیلی لینے کے شوق میں بڑ کے نیچے پہنچے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ بڑی بی پٹی کٹی لوتھ پوتھ پڑی ہیں۔ بڑی مشکل سے لادلود کر گھر لائے۔ خوب ہلدی چونا تھوپا، مرہم پٹی کی تب کہیں جا کر دس بارہ دن میں بڑھیا اس قابل ہوئی کہ اپنی کہانی بیان کرے۔ بہو اور بیٹے نے جو سنا کہ بڑھیا نے جاڑے، گرمی اور برسات کو برا بھلا کہہ کر اور اشرفیاں کھو کر جوتیاں کھائیں تو ان دونوں نے اس کو خوب مارا اور گھر سے نکال دیا۔ اب بے چاری سڑک کے کنارے بیٹھی بھیک مانگا کرتی ہے۔

(i) کون بڑ کے نیچے پہنچے؟

(ii) گھر لاد کر بہو اور بیٹے نے بڑھیا کو کیا کہا؟

(iii) بڑھیا نے اپنی بہو اور بیٹے کو کیا کہا؟

(iv) بڑھیا کی کہانی سن کر بہو اور بیٹے نے کیا کیا؟

(v) اب بڑھیا کیا کر رہی ہے؟

۲۔ سبق ''آخری قدم'' یا ''حاتم کی سخاوت'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۶

۳۔ صرف دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۲×۲=۴

(i) حاتم کیا سوچ کر نوفل سے جنگ کرنے کے بجائے جنگل میں چھپ گیا؟

(ii) پہلی بڑھیا کو گھر سے کیوں نکالا گیا؟

(iii) لارڈ کرزن نے اپنا جلتا ہوا سگریٹ کیوں پھینک دیا؟

(iv) ڈرامہ ''محلے کی ہولی'' کس کی تخلیق ہے؟ اس ڈرامے میں کام کرنے والے دو مرد کرداروں کے نام لکھیے۔

۴۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۵

(یا)

''خاکہ'' کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

## حصہ ''ب''

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے۔ ۶

(i) مفلسی سب بہار کھوتی ہے

مرد کا اعتبار کھوتی ہے

(ii) زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے

ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

(iii) دل سوز سے خالی ہے نگہ پاک نہیں ہے

پھر اس میں عجب کیا کہ تو بے باک نہیں ہے

(iv) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرّہ سے آگاہ

ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(v) ان نگاہوں کے سب کرشمے ہیں

ورنہ یہ اضطراب پیہم کیا

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھیے۔

(الف) اے دل بشر وہ کون ہے جو خود ستا نہیں

پر خودستائیوں کے ہیں عنواں جدا جدا

جو زیورِ خرد سے معرا ہیں سادہ لوح

کرتے ہیں خوبیاں وہ بیاں اپنی برملا

(ب) اس خاک دل نشیں کے چشمے ہوئے وہ جاری

چین و عرب میں جن سے ہوتی تھی آبیاری

سارے جہاں پہ جب تھا وحشت کا ابر طاری

چشم و چراغ عالم تھی سرزمیں ہماری

شمع ادب نہ تھی جب یونان کی انجمن میں

تاباں تھا مہر دانش اس وادیِ کہن میں

۶۔ علامہ اقبالؔ کی غزل گوئی کی خوبیاں تحریر کیجئے۔ ۵

۷۔ نظم ''خاکِ ہند'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۴

۸۔ ''غزل'' یا ''مثنوی'' پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۴

۹۔ صرف دو شعری اصطلاحات کی تعریف مع امثال کیجئے۔ ۲

(i) شاہ بیت۔

(ii) مطلع۔

(iii) قافیہ۔

(iv) تلمیح۔

(v) صنعت تعلیٰ۔

حصہ "ج"

۱۰۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ ۱۵

(i) ماحولیاتی آلودگی۔

(ii) علم کے فوائد۔

(iii) آپ کا پسندیدہ استاد۔

۱۱۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام آپ کے حق میں وظیفہ منظور کروانے کی درخواست لکھیے۔ ۱۰

(یا)

اپنے کسی رشتہ دار کی دوکان میں نایاب جوتوں کی سیل پر ایک اشتہار تحریر کیجیے۔

(یا)

کسی ناگہانی آفت سے ہوئی تباہی کی اخباری رپورٹ تحریر کیجیے۔

حصہ ''د''

۱۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ ۱۵=۲×۲/۱ ۷

(i) اردو زبان کی ابتدا سے متعلق کسی ایک مستند نظریے کی وضاحت کیجیے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات بیان کیجئے۔

(iii) اردو نظم کے فروغ میں ''انجمن پنجاب اردو'' کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

(iv) حروف ندا، حروف عطف اور حروف انبساط کی تعریف مع مثال لکھئے۔

۱۳۔ (Objective) معروضی سوالات کے جوابات میں سے درست جواب کو چن لیجئے:

(i) حاتم کس صفت کی وجہ سے مشہور تھا؟ 1

(a) ایمانداری۔

(b) محنت۔

(c) دیانت داری۔

(d) سخاوت۔

(ii) ''ایک کہانی'' کس کی تخلیق ہے؟ 1

(a) فرحت اللہ بیگ۔

(b) حالؔی۔

(c) پریم چند۔

(d) رشید احمد صدیقی۔

(iii) مولوی عبدالحق کا کون سا خاکہ درسی کتاب میں شامل ہے؟ 1

(a) حالی۔

(b) چراغ حسن حسرت۔

(c) گدڑی کا لال نور خان۔

(d) ان میں سے کوئی نہیں۔

(iv) مدح کس صنفِ شاعری کے اجزاء میں شامل ہے؟ 1

(a) غزل۔

(b) قصیدہ۔

(c) مرثیہ۔

(d) مثنوی۔

(v) نظیر اکبرآبادی کی کون سی نظم درسی کتاب میں شامل ہے؟ 1

(a) خودستائی۔

(b) بنجارانامہ۔

(c) رات اور ریل۔

(d) خاکِ ہند۔

(vi) ''خاکِ ہند'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ 1

(a) حالؔی۔

(b) اکبرالہ آبادی۔

(c) چکبستؔ۔

(d) نظیراکبرآبادی۔

(vii) رشید کی قمیض خوبصورت ہے، اس جملے میں ''رشید کی قمیض'' کس قسم کا مرکب ہے؟ 1

(a) مرکب جاری۔

(b) مرکب عطفی۔

(c) مرکب اشاری۔

(d) مرکب اضافی۔

(viii) ''اگر'' کس قسم کا حرف ہے؟ 1

(a) حرف عطف۔

(b) حرف شرط۔

(c) حرف ندا۔

(d) حرف استدراک۔

(ix) وہ حسین لڑکی ہے، اس جملے میں ''حسین'' کیا ہے؟ 1

(a) اسم صفت۔

(b) اسم۔

(c) اسم معرفہ۔

(d) اسم نکرہ۔

(x) دوڑنے والا منزل تک پہنچ گیا۔ اس جملے میں ''دوڑنے والا'' کیا ہے؟

(a) فاعل۔

(b) مفعول۔

(c) [illegible]

(d) [illegible]